*श्री. वीरेंद्र पाटील (आलेंद) :—स्पीकर सर, फाअिव अियर प्लान के तहत जो प्रोग्रेस है अुसकी रिपोर्ट हाअुस के सामने है। अिस फाअिव अियर प्लान के मुतालिक अपोजीशन के मेंबरों ने बुनियादी तौर पर अेख्तलाफ जाहिर किया। मेरा कहना है कि यह फाअिव अियर प्लान अेक बेहतरीन प्लान है और हमारे स्टेट प्लान के लिये खर्च करने के लिये ४५.३ करोड का कॅपीटल रखा है। अुसका बहुत सा हिस्सा अिर्रीगेशन के लिये खर्च किया जा रहा है। क्योंकि हमको मालूम है कि मुल्क की तरक्की अुस वक्त तक नहीं हो सकती जब तक जिराअत और अिंडस्ट्रीज की तरकी के लिये अिन्तजाम नहीं किया जाता। अिस प्लान में अिर्रीगेशन और हायड्रो अिलेक्ट्रीक पावर पर ज्यादा जोर दिया गया है। अिसलिये जो बुनियादी तौर पर अिस प्लान के तहत अखितलाफ किया जा रहा है अुसमें कोअी असलियत नहीं है। गये तीन साल में जो २९ करोड की हद तक रकम खर्च हुअी है अुसके मुकाबले में हमारी तरक्की कितनी हुअी है अुसको हम देखें तो कहना पडता है कि अचीवमेंट और तरक्की या प्रोग्रेस की रफ्तार बहुत सुस्त है। जितनी तेज होनी चाहिये अुतनी नहीं है। हमारे सामने जो फाअिव अियर प्लान के तहत वादा किया गया था कि पांच साल के बाद अिस प्लान के तहत १,५४,००० अेकड जमीन को पानी दिया जायगा और अिस तरह से ५,२५,००० किलोवॅट पावर तैयार की जायगी लेकिन वह किस कदर दी जा रही है अुसका पिक्चर अिस रिपोर्ट में नहीं है। अिर्रीगेशन के ताल्लुक से या सब से पहले तुंगभद्रा प्रोजेक्ट के ताल्लुक से मैं अपने ख्यालात का अिजहार करूंगा। तुंगभद्रा प्रोजेक्ट के लिये अब तक पंधरा करोड रुपये खर्च हुअे हैं। दो तीन दिन पहले आनरेबल मिनिस्टर फार पी. डब्ल्यु. डी. ने अेक सवाल के जवाब में फरमाया था कि तब तक हम सिर्फ १२ मील तक ही कैनाल तैयार कर सके हैं और ६ हजार अेकड जमीन को ही पानी दे सके हैं। मुझे ताज्जुब होता है कि पंधरा लाख रुपये खर्च किये जाते हैं, डॅम तैयार होता है और अचीवमेंट देखें तो सिर्फ छः हजार अेकड जमीन को पानी पहुंचाने तक है। मैं मिनिस्टर साहब से पूछना चाहता हूं कि वहां पर पानी देनेमें या क्यानाल तैयार करने के बारे में अितनी सुस्ती क्यों बरती जा रही है? अिसके सिलसिले में रायचूर जिले के लोगों के ख्यालात अगर मैं हाअुस के सामने रखूं तो गलत न होगा। वहां पर शुबहा किया जा रहा है कि जो मशीनरी वहां दी जा रही है, जो डिस्ट्रीब्यूटरीज वहां नहीं दी जा रहा है और क्यानाल तैयार करने में जो सुस्ती बरती जा रही है अुससे हुकूमत का मंशा यह मालूम होता है कि पानी कड्डप्पा-कुर्नूल तक पहुंच जाय और रायचूर का हिस्सा ड्राय रहे। जो तुंगभद्रा प्रोजेक्ट का प्लान बनाया गया था वह अिसी चीज को पेशेनजर रखते हुअे बनाया गया था कि वह अेक ड्राय अेरिया है, फैमिन अेरिया है, वहां बारिश नहीं होती और लोगों की मआशी हालत निहायत पस्त है। हमने डॅम तैयार किया है, अितना पैसा खर्च किया है तो कोअी वजह नहीं है कि क्यानाल तैयार करने में सुस्ती की जाय और डिस्ट्रीब्यूटरीज वहां न बने। यह मुनाहिब नहीं है। मैं हुकूमत से अपील करूंगा कि जितनी जल्द हो सके अुतनी जल्द क्यानाल को तैयार किया जाना चाहिये। यह तय किया गया था कि १९५४-५५ तक

१,५५,००० अेकड जमीन को पानी दिया जा सकेगा लेकिन अगर अुतना नहीं हो सकता तो कम से कम अेकलाख अेकड जमीन को पानी दिया जाना चाहिये।

अिसके बाद जो हायड्रो अिलेक्ट्रिक पावरस्कमि है अुसके बारे में हम मुख्तलिफ औकात पर सुनते आ रहे हैं कि अुसके लिये सेंटर से लिखापढी की गअी है और अभी मंजूरी आनेवाली है। अब हम सुन रहे है कि मंजूरी आ गअी है लेकिन पैसा नहीं है अिसलिये काम शुरू नहीं हुआ। अितना डॅम तैयारहुआ है, पैसा खर्च हुआ है और अगर हम चीप पावर सप्लाय नहीं कर सकेंगे तो अुसका मतलब यहा होगया कि पैसे के तनासुब से हमने कोअी भी तरक्की नहीं की और न कर सकेंगे। मैं अुम्मीद करता हूं कि अिसे फाअिव अियर प्लान में अिसको लिया जायगा और जितनी जल्द हो सके हायड्रो अिलेक्ट्रिक पावर स्कीम को मुकम्मिल किया जायगा। अिसके बारे में मैंने सुना है कि अेक आस्ट्रेलियन कंपनी ने अिस स्कीम को लेकर पूरा करने का आफर दिया था। मैं हुकूमत से जानना चाहता हूं कि क्या अैसा कोअी आफर किया गया था और अगर किया गया था तो अुसको रिफ्यूज किया गया है या वह मामला अभी जेरे गौर है?

अिसके बाद आगे के प्लान के मुतालिक हम प्लान में देखते है कि नंदी कोंडा प्रोजेक्ट को लिया जा रहा है जिसपर करीब १२० करोड खर्च किया जा रहा है। अिसके सिलसिले में अेतराज किया गया है। कर्नाटक से यह मुतालिबा किया जा रहा है कि अप्पर कृष्णा के काम को लिया जाय। हुकूमत लोअर कृष्णा के लिये सोच रही है अुसके लिये हमें अेतराज नहीं है। लेकिन कर्नाटक के लोगों का यह मतालबा रहा है कि अप्पर कृष्णा को लिया जाय जिसके लिये करीब ३० करोड का खर्च हो सकता है और अिससे कर्नाटक का बेश्तर हिस्सा सैराब हो सकता है। अगर यह चीज अिस फाअिव अियर प्लान में नहीं हो सकती तो कम से कम कर्नाटक के लोगों को अितमीनान होने के लिये आनरेबल मिनिस्टर अैलान कर दें कि अिसमें नेक्स्ट फाअिव अियर प्लान में लिया जायगा।

रोड के ताल्लुक से मैं अर्ज करूंगा कि गुलबर्गा और बीदर जिले के अंदर बहुत कम रोडस् हैं। फाअिव अियर प्लान की किताब जो हमें करीब दो साल पहले दी गअी थी अुसमें अिन जिलों के कअी रोडस थे। लेकिन बाद में जो प्लान फायनलाअिज किया गया अुसमें हम देखते हैं कि अिन जिलों के लिये अेक भी रोड अिसमे नहीं रखा गया है। मिसाल के तौर पर फर्स्ट फाअिव अियर प्लान के किताब में चिंचोली-गुरकूड और चिंचोली-जहीराबाद यह रोडस् थे लेकिन अुसके बाद के प्लान में यहरोडस् यकायक गायब हो गये हैं। अैसा क्यों किया जाता है यह मैं जानना चाहता हूं। वहां अैसे बहुत से अिलाके और कअी और ताल्लुके हैं जिनका रोडस् न होने से हेडक्वार्टर से कोअी ताल्लुक नहीं रहता। चिंचोली ताल्लुके की मिसाल में बतला सकता हूं कि वहां अेक भी अैसा रोड नहीं है जो ९ मील से ज्यादा हो। जो रास्ते हैं वह भी अगर कट हो जायें तो बरसात के दिनों में हैदराबाद शहर और अिस स्टेट के दूसरे मुकामात से अुसका कोअी ताल्लुक नहीं रह सकता। पहले १,२८ करोड के करीब रोडस् के लिये बजट था। बाद में अुसको डबल किया गया था। अुस वक्त हम तवक्को कर रहे थे कि अहम रोडस् बनाये जायेंगे। लेकिन हैरत का मुकाम है कि अिन दो जिलों की जरूरियात को नजरअंदाज किया गया है। मैं यह भी अर्ज करूंगा कि फर्स्ट फाअिव अियर प्लान में जो रोडस् हैं अुसमें जो मजीद रकम मंजुर हुअी है अुसमें अिन जिलों के अहम रोडस् को शरीक किया जाय और चिंचोली के यह रोडस् अुसमें रखें जाय।

अिसके बाद अेन. अी. अेस. ब्लाक्स के बारे में मैं कहना चाहता हूं बेसिक डिस्ट्रिक्ट ब्लाक्स दिये जाते हैं लेकिन अेन अी. अेस. ब्लाक्स जो बीड डिस्ट्रीक्ट के लिये पहले दिये गये थे अुनको अब तबदील किया गया है। जहीराबाद में अेक ब्लाक दिया गया है जहां अभी २ अक्तूबर को मिनिस्टर साहब अिनागरेशन के लिये जाने वाले हैं और अेक यादगीर में दिया जाता है। गवर्नमेंट के सामने बीड डिस्ट्रिक्ट, बीदर डिस्ट्रिक्ट अिस तरह से कोअी चीज नहीं चाहिये। जो कोटा होता है अुसको मसावी तौर पर तकसीम करना चाहिये।

अिस मुक्तसर वक्त में जो मेरे सजेशन्स थे अुनको हाअुस के सामने रखने की कोशिश की और मैं अुम्मीद करता हूं की मिनिस्टर साहब अुनपर हमदर्दाना तौरपर गौर करके अिसी फाअीवअियर प्लान में अुनको शरीक करने की कोशिश करेंगे।

شری کے ۔ اننت ریڈی ۔ (بالکنڈہ) :— مسٹر اسپیکر سر ۔ ہر دیش کی زندگی میں اسکے پنر نواس کا موقع ملتا ہے ۔ جو فرسودہ نظام حکومت اور فرسودہ حکومت کی مشنری ہوتی ہے اس سے چھٹکا را پانے کے بعد مختلف ممالک نے اپنے لئے یوجنائیں بنائیں ۔ اور ایسی یوجناؤں کے تحت دیش کا پنر نواس ہوا ۔ فرسودہ حکومت سے یا پرانے نظام حکومت سے چھٹکارا پانے کے بعد جن ممالک نے اپنے دیش کی ترقی کے لئے یوجنا بنائی اس میں روس کی مثال قابل تعریف ہے ۔ اسکے بعد ایسٹرن یورپ کے ممالک کی مثال قابل تعریف ہے ۔ اس کے بعد آجکل کے حالات میں چائینا نے جو مثال قائم کی ہے وہ بھی ہمارے لئے قابل عمل ہے ۔ جس یوجنا کی بات کیجاتی ہے اس میں اسکیا ٹرڈ اکانمی (Scattered economy) کو تازہ کرنے کی کوشش ہوتی ہے اسکے ساتھ ساتھ پراسپیرٹی (Prosperity) اور ایکول اپرچونیٹی (Equal opportunity) جو ملنا چاہئے اس کا عنصر ہوتا ہے ۔ جہاں تک پلاننگ کا تعلق ہے اسکے دو پہلو ہیں ۔ ایک تو پلاننگ کو فارمولیٹ (Formulate) کرنا اور دوسرا اس کا امپلیمنٹیشن (Implementation) کرنا ۔ ہمارے دیش میں جو نیشنل پلان بنایا گیا ہے اس میں دو طرح کے ڈیفیکٹس (Defects) ہیں ۔ فارمالیٹیو پیریڈ (Formulative period) میں یہ ڈیفیکٹ ہے کہ اوسکو اوپر سے بنا کر ہم پر تھرسٹ (Thrust) کیا گیا ہے ۔ ہم پر مسلط کیا گیا ہے ۔ اور دوسرا ڈیفیکٹ کیاپیٹلسٹ اسٹرکچر (Capitalist structure) ہے ۔ یہ دو ڈیفیکٹس ایسے ہیں جو بیسیکلی (Basically) اس کے امپلیمنٹیشن میں اثر انداز ہونگے ۔ امپلیمنٹیشن میں تین چار چیزیں مشکلات پیدا کرتی ہیں ۔ پہلے تو جو کنسپشنس (Conceptions) ہیں وہ راستے میں روڑے اٹکاتے ہیں اور دوسرے اڈمنسٹریٹیو مشنری (Administrative Machinery) کی ایجنسیز (Agencies) ہیں جو اس را میں روڑے اٹکاتی ہیں ۔ پلاننگ کمیشن کے فائیو ایر پلان میں امپلیمنٹیشن کے تعلق سے جہاں پبلک کواپریشن (Co-operation) کا سوال آتا ہے وہاں صاف طور پر کہا گیا ہے کہ اسکو کامیاب بنانا ہے تو دو تین چیزیں پیش نظر رکھنا چاہئے ۔ بنیادی چیزیں یہ ہیں کہ

اڈمنسٹریٹیو مشنری کو سکسس فل (Successful) بنانے کے لئے
ہمیں پاور (Power) کو ڈیوولیوشن (Devolution) کرنا
پڑیگا - اور اڈمنسٹریشن میں جو رڈ ٹیپیزم (Red tapism) ہے اوس کو
دور کرنا ہوگا - آج اس طرف سے اور اوس طرف سے یہ اعتراضات کئے گئے ہیں کہ کیوں
یہ کام نہیں ہورہا ہے - آخر وجہ کیا ہے - میں کہونگا کہ آپ کی اڈمنسٹریٹیو مشنری کی
طرف سے جو روڑے اٹکائے جارہے ہیں اون کو پہلے دور کرنا ہوگا - اور جو سجھاؤ
رکھا گیا ہے وہ یہ ہے کہ پاور کو ڈیوولیوشن کرنا ہوگا - ہم دیکھتے ہیں کہ ان چیزوں
کو پورا نہیں کیا جارہا ہے - جب ہم کسی پراجکٹ پر کسی افسر کو متعین کرتے ہیں
تو طرح طرح کی اڈمنسٹریشن کی اور رڈ ٹیپیزم کی پابندیاں عائد کیجاتی ہیں - جب کوئی
پلان منظور ہوتا ہے تو اسکے اگزیکیوشن (Execution) کے لئے
کئی کئی مراحل طے کرنے پڑتے ہیں - جہاں پبلک کوآپریشن کا سوال پیدا ہوتا ہے
وہاں عموماً دیکھا گیا کہ پبلک کوآپریشن حاصل نہیں کیا گیا - حالانکہ فائیو ایر پلان
میں پبلک کوآپریشن سے متعلق ایک پورا چیاپٹر موجود ہے - فارمولیشن آف رانگ پالیسی
(Formulation of wrong policy) ہمیشہ فیلیر (Failure)
ہوتی ہے لیکن پلان کے فیل ہونے کی ایک وجہ یہ بھی ہوتی ہے کہ پبلک کوآپریشن
حاصل نہیں کیا جاتا - اسی طرح فائیو ایر پلان کے تعلق سے بھی پبلک کوآپریشن حاصل
کرنے کی کوشش نہیں کی گئی - جس ایجنسی کے ذریعہ پلان امپلیمنٹ ہونا ہے وہ خود
ایسی فرسودہ ہے کہ جسکی وجہ سے کامیابی نہیں ہوسکتی اس لئے ایجنسیز کی تبدیلی
لازمی ہے -

Through whom we would have rushed through this plan ?
وہ کوآپریٹیو موومنٹ - ولیج پنچایت - ڈسٹرکٹ بورڈس یا لوکل باڈیز ہوسکتے ہیں
جن کے ذریعہ اس پلان کو آگے بڑھایا جاسکتا ہے - ان تینوں چیزوں کو پلان میں
رکھا گیا ہے - ان پر امپلیمنٹیشن کی جو ذمہ داری عائد کی گئی ہے وہ بہت تھوڑی ہے - پلان کی
جو بنیادی خامی ہے وہ یہی ہے کہ امپلیمنٹیشن کے لئے اوسی پرانی ایجنسیز کو اوسی پرانی
اڈمنسٹریٹیو مشنری کو قائم رکھا گیا ہے - ایجنسی جس کے ذریعہ امپلیمنٹیشن کی کوشش
کی گئی ہے اون تینوں درجوں میں منقسم ہونا چاہیئے تھا جس کو نگلکٹ (Neglect)
کرنے کی اس میں کوشش کی گئی ہے - ولیج پنچایت اور ڈسٹرکٹ بورڈس کو چھوڑیئے
لیکن کوآپریٹیو موومنٹ جس کو ہمارے ملک میں رائج کرنا نہایت ضروری ہے اوس کو بھی
نگلکٹ کرنے اور تہرسٹ کرنے کی کوشش کی گئی ہے .....

مسٹر چیرمن :— میں سمجھتا ہوں کہ ابھی دوسرے آنریبل ممبرس اپنے خیالات کا اظہار
کرنا چاہتے ہیں اور وقت کم ہے اگر آپ لوگ بیٹھنے کے لئے تیار ہیں تو ممبرس کی
اسپیچس (Speeches) کے لئے ساڑھے آٹھ بجے تک وقت دیا جائیگا
اوس کے بعد آدھا گھنٹہ منسٹر صاحب جواب کے لئے لینگے -

ڈاکٹر چناریڈی :— بہرحال جتنا وقت آنریبل ممبرس کو دیا جائیگا اوسی تناسب سے جواب کے لئے مجھے بھی وقت ملنا چاہئیے -

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—स्पीकर सर, पहले टाइम की लिमिट नहीं लगाओ थी । बोलनेवाले लोग ज्यादा हैं , और वक्त भी ज्यादा हो रहा है , इस लिये पहले मेंबर को साढेआठ तक बोलने का मौका दिया जाय और बाद में अगर मिनिस्टर साहब जबाब दें तो मुनासिब होगा।

مسٹر چیرمن :— جتنے آنریبل ممبرس تقریر کریں گے اتنا ھی جواب کے لئے زیادہ وقت دینا پڑیگا -

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—मिनिस्टर साहब चाहे तो कल भी जबाब दे सकते हैं लेकिन यह अेक अहम मसला है इस लिये मेंबर्स को बोलने का मौका दिया जाय तो मुनासिब होगा।

مسٹرچیرمن :— آنریبل ممبرس پانچ پانچ منٹ میں اپنی تقریر ختم کریں تو مناسب ہوگا -

ڈاکٹر چناریڈی :— تو پھر آپ نے کیا تصفیہ فرمایا - ساڑھے آٹھ بجے اجلاس برخاست ہوگا یا نو بجے تک یا پھر کل .....

مسٹر چیرمن :— کل تو نہیں آج ختم کردیا جائیگا - ساڑھے آٹھ بجے تک آنریبل ممبرس کو وقت دیا جائیگا اور ساڑھے آٹھ کے بعد آپ کو جواب کے لئے وقت ملیگا - میں سمجھتا ہوں کہ آدھے گھنٹے میں آپ جوابی تقریر ختم کرلینگے - اس طرح نو بجے تک اجلاس جاری رہیگا -

شری کے - انت ریڈی :— اس کے بعد مجھے کمیونیٹی پراجکٹ کے ڈیولپمنٹ ورک سے متعلق کچھ سجیشن دینا ہے جہاں تک لوکل ڈیولپمنٹ کے کاموں کا تعلق اس سلسلہ کو زیادہ نگلکٹ کرنے کی کوشش کی گئی ہے - جتنے کمیونٹی پراجکٹ کام کررہے ہیں وہاں آفیشیلیزم (Officialism) رڈٹیپزم ہے اور دوسرے یہ کہ پبلک کوآپریشن حاصل کرنا نہیں چاہتے - اور جو کوششیں حکومت کی جانب سے ہورہی ہیں اوس کی کامیابی میں بھی رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کی جارہی ہے - اب جو سوال حکومت کے سامنے ہے وہ یہ ہے کہ آیا حکومت ان خامیوں کودور کرنا چاہتی ہے یا نہیں - دوسرے یہ کہ وہ پبلک کو آپریشن حاصل کرنا چاہتی ہے یا نہیں - ہاؤز میں بھی بہت سے آنریبل ممبرس کی جانب سے یہ مطالبہ کیا گیا ہے کہ پبلک کوآپریشن حاصل کیا جائے - دوسری چیز یہ کہ جس حد تک بھی پبلک کوآپریشن حاصل کیا جاتا ہے اس میں اپوزیشن پارٹیز کو ابزارب (Absorb) کرنے کی کوشش نہیں کی جاتی - ہمارے پاس جو ڈسٹرکٹ پلاننگ کمیٹیز اور اڈوائزری بورڈ ہیں اس میں اپوزیشن پارٹیز کو میگر ریپریزنٹیشن (Meager representation) دیا گیا ہے اور ایسے لوگوں کو اس میں رکھنے کی کوشش کی جاتی ہے جو یہ بھی نہیں جانتے کہ پلاننگ کیا چیز ہے -

آخر حکومت چاہتی کیا ہے ۔ کیا ایسے لوگوں کو اس میں رکھنا چاہتی ہے جو حکومت کی ہاں میں ہاں ملاتے رہیں ۔ اگر ایسی کوشش کی جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ . . . . .

डिप्टि मिनिस्टर अेज्युकेशन (श्रीमती संगम लक्ष्मीबाअी) :—अिस प्लॅनिंग के बारें में डिस्ट्रिक्ट अेम. अेल. अेज. की कितनी कॉनफरन्सेस हुअी है ?

ایک آنریبل ممبر :— آج کی بحث یم - ایل - اے کانفرنس کے بارے میں نہیں بلکہ پلاننگ کے بارے میں ہے ۔ (Laughter)

شری کے ۔ اننت ریڈی :— بہرحال میں کہونگا کہ پبلک کو آپریشن حاصل کیا جائے رڈٹیپ ازم کو دور کرنے کے لئے پاور ڈیوولیوشن کیا جائے ۔ مجھے امید ہے کہ ان چیزوں پر آنریبل منسٹر غور کریں گے ۔

श्री. शेषराव माधवराव वाघमारे :—मै अर्ज करना चाहता हूं कि स्पीकरसाहब ने पहले ही तय किया था कि साडेआठ बजे सेशन खतम करेंगे तब समय मुक्रर क्यों नहीं किया जा रहा है ?

مسٹر چیرمن :— میں اس بارے میں اسپیکر صاحب کو انفرمیشن (Information) دے چکا ہوں ۔

श्री. शेषराव माधवराव वाघमारे :—जबाब यदि कल रखेंगे तो मुनासिब होगा अैसा मेरा ख्याल है ।

مسٹر چیرمن :— یہ ایک اہم معاملہ ہے اور بہت سے لوگ کہنا چاہتے ہیں اس لئے وقت دیا جارہا ہے ۔ جواب کل پر رکھنے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ منسٹر صاحب آدھے گھنٹے میں جواب دیدیں گے ۔

ڈاکٹر چناریڈی :— کل پر رکھنا مناسب نہیں ہے ۔ میں صرف آدھے گھنٹے میں اپنا جواب ختم کردونگا ۔

श्रीमती आशाताअी वाघमारे (वैजापूर) :—अध्यक्ष महोदय, अेका मिनिटापूर्वीच सांगितले गेले कीं हा महत्वाचा विषय आहे आणि आतांपर्यंत सगळ्या वक्त्यांना अर्धा अर्धा तास दिला गेला आहे. म्हणून मला पांच मिनिटापेक्षां अेखादा मिनिट जास्त लागला तरी हरकत नसावी.

मिस्टर चेअरमन :—आपण ठोकळ मुद्यावर बोला.

श्रीमती आशाताअी वाघमारे :—आतां पर्यंत जी भाषणे झालींत त्या वरून ही गोष्ट स्पष्ट झाली कीं योजना समिति किंवा विकास योजना हाती घेताना हैदराबाद राज्यांतील सगळ्या जिल्ह्याकडे सारख्या प्रमाणांत पाहण्यांत येत नाहीं. अेक वेळ अशीं होती कीं, ज्या वेळीं हुकूमशाही राजवट होती त्या वेळीं आम्हीं त्यांच्यावर टीका करीत होतो कीं या राज्यांत अेकाच जाती विषयीं विचार केला जातो आणि अेकाच जातीला विशेष फायदा व्हावा या दृष्टीनें कोणतीहि गोष्ट केली जाते. आणि आजहि तेच दिसून येत आहे. आजहि आमचे लोकप्रिय सरकार आल्यानंतर

सुध्दां खास अेका विशिष्ट भागाकडें नजर ठेवून कोणतीही योजना आखली जाते, ही मोठ्या खेदाची गोष्ट आहे. हे होण्याचे कारण असें असावे कीं सर्व मुख्य मंत्री शहरांतील आहे आणि त्यांचा लोकांशी फारसा संबंध येत नाहीं. अेकदा निवडणूक झाली म्हणजे त्यांना दौऱ्याशिवाय लोकांच्या कडे जावे लागत नाहीं.

मला हे समजत नाहीं कीं मराठवाड्याकडें नेहमी आमच्या सरकारकडून सावत्र भावाच्या नजरेने पाहिले जाते आणि तेथील लोकांनी जर तक्रारी केल्या तर त्यांना सांगण्यांत येते कीं पूर्णा प्राजेक्ट आपण पुढील पंचवार्षिक योजनेत घेअूं. त्यांतल्या त्यांत मजेची गोष्ट हीं कीं मराठवाड्यांत कोणतीहि गोष्ट करावयाची असली तर कमेटीवर मेंबर बाहेरचे घेतले जातात. मराठवाड्यांतील औरंगाबाद जिल्ह्यासाठीं प्लानिंग मेंबर कोण तर अुस्मानाबादचे नरसिंगराव. आणि मला वाटते कीं कोणतीहि गोष्ट करतांना कमेटीतील लोकांना जाणूनबुजून सांगितले जाते कीं असा रिपोर्ट आणा कीं तेथील जमीन किंवा परिस्थिती त्या गोष्टीसाठीं योग्य नाहीं. बरें मराठवाड्याच्या सर्वेमध्यें हें दिसून आले असेल कीं तेथील जनीन पाटबंधाऱ्याकरितां योग्य नाहीं पण मला असें विचारायचे आहे कीं अेखाद्या शिक्षण तज्ञाने सांगितले आहे काय की मराठवाड्यांतील लोक औद्योगिक शिक्षणाकरितांहि योग्य नाहीं. आतांपर्यंत ज्या औद्योगिक शिक्षणाच्या शाळा निघाल्या त्या पैकीं अेकहि मराठवाड्यांत निघाली नाहीं.

मला मोठीं आशा होती कीं स्त्री डेप्युटी मिनिस्टर झाल्या नंतर त्या तरी समानतेने पाहतील पण त्यांच्याकडूनहि काहीं आशा दिसत नाहीं. मला हेच समजत नाहीं कीं प्रत्येक गोष्टीकरिता मराठवाडा कां वगळला जातो ? तेथील रेव्हेन्यू काहीं कमी येत नाहीं मग हया गोष्टी कां व्हाव्या ? असें जर तुम्हाला करावयाचे असेल तर संयुक्त महाराष्ट्र, विशाल आंध्र आणि अैक्य कर्नाटक होअं द्या. म्हणजे मराठवाड्याच्या पांच जिल्ह्याकरितां ८२ लक्ष रुपये म्हणजे प्रत्येक जिल्ह्याकरितां १६ लक्ष रुपये. मला समजत नाहीं की या सोळा लक्ष रुपयांत कोणती योजना त्या जिल्ह्यांचे होअील. मात्र मुसी प्राजेक्टकरितां ११९ लक्ष रुपये तुम्हाला पाहिजे. मला असें सांगावयाचे आहे कीं प्रत्येक भागाला पंचवार्षिक योजनेत आपला समानतेचा वाटा मिळाला पाहिजे आणि त्यांचा काहीं तरी निश्चित वाटा ठरविला पाहिजे. अेवढे सांगून मी आपले भाषण संपविते.

Many hon. Members rose in their seats.

شری اے - راجندرا ریڈی :- مسٹر اسپیکر سر - میں شروع سے ہی کھڑا ہوا ہوں۔

Shri L. K. Shroff: The Tungabhadra Project on which most of the amount has been spent in my district. Therefore I have a right to speak on planning.

شری ورکانتم گوپال ریڈی (میڈچل) :- مجھے بھی اس پر بولنے کا موقع دیا جائے۔

شری جی - سری راملو (منتھنی) :- مسٹر اسپیکر سر - مجھے مقررہ پانچ منٹ کی بجائے اوس میں دو تین منٹ اضافہ کئے جائیں کیونکہ اس گڑبڑ میں میرے دو تین منٹ چلے گئے ہیں -

آنریبل منسٹر نے جو اسٹیٹمنٹ ہاؤز کے سامنے رکھا ہے اوس میں خود انہوں نے مطالبہ بلکہ یہ خواہش ظاہر کی ہے کہ جتنے آنریبل ممبرس چاہے آسکتے ہیں اور اس سے لوگ مستفید ہوسکتے ہیں - اس جلد بازی سے صاف ظاہر ہے کہ جو پلان بنایا گیا ہے عجلت آمیز طریقہ پر بنایا گیا کیونکہ اس میں جس طریقہ سے یہ جذبہ رکھا گیا ہے کہ :-

This enables to review the whole position and also to receive constructive suggestions from hon. Members.

مگر کیا اچھا ہوتا کہ اس پلان کے سلسلہ میں زیادہ لوگوں کی رائے لی جاتی اور اچھے پیمانہ پر اوس پر عمل کیا جاتا - مگر وہ جلد بازی کی خواہش ظاہر کر رہے ہیں جو اس بات کی دلیل ہے کہ.....

مسٹر چیرمن :- اوس سے آپ نتیجہ نہ نکالئے -

شری جی - سری راماو :- میں خود اون کی حرکت سے نتیجہ نکال رہا ہوں (Laughter) جو پلان بنایا گیا ہے اوس پر زیادہ سے زیادہ لوگوں کی رائے لینا ضروری تھا - اگر کسی معاملہ میں کوئی غلط انٹرپریٹیشن ہوا ہو تو اوسکو اپیل کے ذریعہ درست کیا جاسکتا ہے اگر حکومت کوئی غلط چارہ کار اختیار کرتی ہے تو اوسکے متعلق ایکشن لیا جاسکتا ہے لیکن اگر پلاننگ منسٹر غلط طریقہ پر (۲۰) کروڑ روپیہ خرچ کردیتے ہیں جس سے کوئی فائدہ حاصل نہ ہو تو وہ پیسہ تو کسی اپیل سے واپس حاصل نہیں کیا جاسکتا - اس لئے اس ہاؤز کے آنریبل ممبرس کو اس بات کے دیکھنے کا موقع رہنا چاہئے کہ جہاں پراجکٹ بنائے جا رہے ہیں اور جہاں پیسہ خرچ کیا جا رہا ہے آیا وہاں کے لوگوں کو فائدہ ہوگا یا نہیں - اس معاملہ میں اون کو بات چیت کرنے سوچنے اور اوس پر تنقید کرنے کا موقع ضرور دینا چاہئے - افسوس کی بات ہے کہ (۲۸) کروڑ روپیہ خرچ کرکے چار سال کے عرصہ کے بعد صرف ایک اسٹیٹمنٹ اسمبلی کے سامنے رکھا گیا - خیر یہ بھی خوش قسمتی کی بات ہے کہ کم از کم ہم کو اس سلسلہ میں اس مسئلہ پر بحث کرنے کا موقع ملا - اگر پورا سرمایہ ختم ہو جاتا اور حیدرآباد گورنمنٹ کا دیوالیہ نکل دیا جاتا تو پھر کس پلاننگ منسٹر سے پوچھتے (Laughter) یہ طریقہ صحیح طور پر پلاننگ کا نہیں ہے - کوئی اچھی حکومت سوچ سمجھ کر آگے قدم اٹھاتی ہے - لیکن یہاں چار سال کے بعد اسمبلی میں ایک اسٹیٹمنٹ دیا جاتا ہے پھلا بتائیے کہ کیا دیش کو مستحکم بنانے اور دوسرے ممبروں کا کوآپریشن حاصل کرنے کا یہی طریقہ ہوسکتا ہے -

On 17th of this month, the first meeting of the delegates of the Planning committee.

شاہ منزل میں بیٹھ رہی ہے - جسکے بارے میں دعوت نامے جاری کئے جا چکے ہیں میں اس کمیٹی کا ممبر تو نہیں ہوں لیکن اوسکی اطلاع رکھتا ہوں (Laughter)

وہاں سکنڈ فائیو ایر پلان پر غور کیا جائے گا - اور ادھر خود فرسٹ فائیو ایر پلان کا یہ حال ہے کہ پورا پیسہ صرف ہورہا ہے اور کام کچھ بھی نہیں - بڑے بڑے دماغ رکھنے والے انجینیر ہر وقت کروڑ دو کروڑ روپیہ مانگتے ہی چلے جاتے ہیں - ہر وقت کام کی تکمیل کے سلسلہ میں سال دو سال کی توسیع ہوتی ہی رہتی ہے - اور پھر شاہ منزل میں بیٹھ کر دوسرا فائیو ایر پلان تیار ہورہا ہے - میں کہتا ہوں کہ اس طریقہ پر پلاننگ نہیں کی جا سکتی - پلاننگ کوئی بچوں کا کھیل نہیں ہے - اس معاملہ میں کم از کم خود اپنی آرگنائزیشن کے لوگوں سے ہی اچھی طرح مشورہ حاصل کیا جاتا - خود گاندھی بھون میں ہی میٹنگ کرکے لوگوں سے اپنے اپنے گاؤں کے متعلق پلاننگ کی فہرست دینے کے لئے کہا جاتا - اگر وہاں کوئی پلاننگ کا کام ہوسکتا ہے تو انجینیر کو ساتھ رکھکر اوس مقام کا معائنہ کیا جاتا - جیسا کہ آنریبل منسٹر فار پی - ڈبلیو - ڈی نے انسٹی ٹیوشن آف انجینیرس کو واقف کرایا ہے - اس طرح اگر پلان بنایا جاتا تو مواضعات کی ضروریات کا علم ہوسکتا تھا - اور اون ضروریات کو پیش نظر رکھتے ہوئے پلان کا خاکہ کھینچا جاتا تو مناسب تھا - تنگبھدرا پراجکٹ کے سلسلہ میں جو پمفلٹس ہمارے سامنے آئے ہیں اون کے دیکھنے سے معلوم ہورہا ہے کہ وہاں پر کاشت کرنے کے لئے متصلہ پراونسس سے لوگوں کو برآمد کرنا پڑرہا ہے - ایسی نوبت وہاں آگئی ہے کہ باہر سے لوگوں کو وہاں بلانا پڑرہا ہے - آنریبل منسٹر پی - ڈبلیو - ڈی نے پرسوں ۲۹ - مئی کو پانی چھوڑا - وہ پانی محض شو (Show) کی خاطر چھوڑا گیا حیدرآباد کی اس ڈس سیٹسفیکٹری پلاننگ (Dissatisfactory planning) پر خود دہلی میں بھی چرچا ہوئی - وہاں سے مجھے یہ بھی اطلاع ملی ہے کہ تنگبھدرا کے ڈس سیٹسفیکٹری کام کے سلسلہ میں حیدرآباد کی کیبنٹ کو خوب جھنجوڑا گیا - اور آئندہ نندی کنڈہ پراجکٹ اسکیم کے سلسلہ میں ان کو ہماری حکومت پر بھروسہ نہیں رہا - اور اس کا نتیجہ یہ بھی ہوا کہ یہاں سے مزید دو کروڑ روپیہ جو کسانوں کو تقاوی پر دینے بیل خریدنے اور زمین کو درست کرنے کے لئے مانگے گئے تھے اوس کو وہاں سے ٹھوکر ماردی گئی - کیا اچھا ہوتا کہ تنگبھدرا کینال کا کام اچھے پیمانہ پر کیا جاتا -

ایک آنریبل ممبر :- یہ رپورٹ آپ کو دلی سے کیسے ملی -

شری جی - سری راملو :- باوثوق ذرائع سے آپ کو اگر نہیں معلوم تو کیا ہوا - آپ منسٹر فار پلاننگ اور پی - ڈبلیو - ڈی منسٹر سے پوچھ لیجئے -

مسٹر اسپیکر سر :- مجھے اور دو تین منٹ مزید ملنے چاہئیں کیونکہ ڈسٹرب ہورہا ہے اور اوس میں وقت چلا جا رہا ہے - (Laughter)
تو بڑے پیمانہ پر آپ نے یہ کام کیا اور (۲۸) کروڑ روپیہ - .....

مسٹر چیرمن :- آپ خود مشورہ دیتے ہیں اپنے آپ کو ڈسٹرب کرلے رہے ہیں -

شری جی - سری راملو :- (nothing of that sort) اگر یہی کام تلنگانہ میں لیا جاتا تو وہاں کے لوگوں کو ایسی کاشت کی عادت تھی وہ اچھی طرح کاشت کرسکتے تھے - اور اسکی بجائے جیسا کہ ایک آنریبل ممبر نے فرمایا مرہٹواڑہ میں یہ رقم باؤلیاں بنانے پر صرف کی جاتی - یا وہاں بنڈنگ پر رقم صرف کی جاتی - وہاں کے لوگوں کو اس طرح کے کینا لس (Canals) سے اررگیشن کی عادت نہیں - وہاں کسانوں کو تیار کرنے کی ضرورت ہے - اس لئے اس کی بجائے یہ کام تلنگانہ میں کیا جاسکتا تھا - وہاں انجینیرس کے مشورہ سے لوکل ورکرس اور ایم - ایل - ایز کی رائے لیکر یہ معلوم کیا جاتا کہ کہاں کونسا موزوں کام ہوسکتا ہے - باضابطہ طریقہ پر ایم - ایل - ایز کی کانفرنس کرکے - گاؤں اور تعلقات سے لوگوں کو بلاکر وہاں کے انجینیرس سے مشورہ لیکر پلاننگ کی جائے تو اچھا تھا مگر اسکی بجائے چند لوگوں کی میٹنگ کرکے پلان بنا لینے سے وہ پلاننگ پائدار نہیں ہوسکتی - اور نتیجتاً روپیہ برباد ہوتا ہے - اس وجہ سے میں آنریبل منسٹر سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ جو طریقہ اختیار کیا جارہا ہے اوس میں کافی انقلاب لانے کی ضرورت ہے - اس میں کافی سوچ بچار کے بعد پلاننگ ہونی چاہئے - تاکہ جو پیسہ ویسٹ ہو رہا ہے وہ بچ سکے -

* شری کے - رامچندرا ریڈی (رامنا پیٹھ) :- فرسٹ فائیو ایر پلان کے سلسلہ میں سروے آف پروگرس کے متعلق ایک رپورٹ دی گئی ہے - اس کے علاوہ منسٹر فار پلاننگ نے اس سلسلہ میں ایک لمبا چوڑا اسٹیٹمنٹ بھی اس ہاؤز میں پیش کیا ہے - میں نے اس رپورٹ کو اور اس اسٹیٹمنٹ کو بہ غور دیکھا - اس کو کئی مرتبہ پڑھنے کے بعد بھی مجھے اوس میں ایک جملہ بھی ایسا نظر نہیں آیا جس کے متعلق تعریف کی جا سکے - میں اوس پر تفصیلی خیالات ظاہر کرنا چاہتا تھا مگر مجھے صرف تین منٹ کا وقت ہی باقی ہے - اس لئے اوس کے صرف ایک اہم جزو کے متعلق ہی کہونگا - اس فائیو ایر پلان کے تحت (۴۰) کروڑ (۵۲) لاکھ روپیہ خرچ کئے جانے والے ہیں اس کے بعد اس میں (۱۱) کروڑ (۹۰) لاکھ روپیہ بھی شریک کئے گئے ہیں - اس طرح جملہ (۵۲) کروڑ (۴۲) لاکھ روپیہ خرچ کئے جانے والے ہیں - اس رقم کے منجملہ میرے خیال میں (۶۰) (۷۰) فیصد رقم خرچ کی گئی ہے - اتنی کثیر رقم خرچ کرنے کے بعد بھی اور چار سال کا عرصہ گزرنے کے بعد بھی ہمارے سامنے جو اسٹیٹمنٹ دیا گیا ہے وہ غیر تشفی بخش ہے - رورل ڈیولپمنٹ کے مد میں اور اررگیشن پاور پراجکٹ کے مد میں (۲۱) کروڑ (۶۰) لاکھ روپیہ خرچ کیا گیا ہے لیکن اتنا روپیہ خرچ کرنے کے بعد بھی ملک کی پیداوار میں اضافہ ہوا ہے یا نہیں یہ دیکھنا ہے - حکومت نے گرو مور فوڈ کے سلسلہ میں ڈیڑھ کروڑ روپیہ صرف کیا نئی باؤلیاں کھدوانے اور تالابوں کی تعمیر پر لاکھوں روپیہ صرف کیا گیا - اسی طرح کھاد کی تقسیم - آئل انجنوں کی تقسیم اور تخم کی تقسیم کے سلسلہ میں بھی لاکھوں روپیہ خرچ کئے گئے - لیکن گذشتہ دس سال کی پیداوار اور آج کی پیداوار دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ پیداوار میں کسی طرح کا اضافہ نہیں ہوا - میں حکومت کے ہی اعداد و شمار کا حوالہ دیکر اس کو ثابت کر سکتا ہوں کہ آج ملک کی پیداوار میں کوئی اضافہ

نہیں ہوا - آنریبل منسٹر فار اگریکلچر نے کئی مرتبہ کہا ہے کہ دھان - گیہوں - جوار اور باجرہ کی پیداوار میں اضافہ ہوا ہے - لیکن میں کہوں گا کہ سنہ ۴۳ع میں جو امن کا زمانہ تھا (۱۴,۰۲,۷۷۵) ایکر پر دھان کی کاشت کی گئی اس وقت چار لاکھ چھتیس ہزار اوس وقت (۴,۳۶,۱۴۰) ٹن پیداوار حاصل کی گئی تھی - اس کے بعد دس سال کا عرصہ گذرجانے کے بعد سنہ ۵۳-۱۹۵۲ع میں رقبہ کاشت (۱۲,۷۷,۳۵۴) ایکر تک گھٹ جاتا ہے یعنی (۱,۲۵,۳۹۱) ایکر رقبہ کاشت میں کمی ہوتی ہے - اسی طرح پیداوار میں (۹,۱۰,۵۰۹) ٹن کی کمی ہوتی ہے یہ کمی جوار گیہوں - باجرہ کی پیداوار میں ہوئی اسی طرح ایکریج بھی کم ہو گیا - بڑے بڑے پراجکٹس پر ۔و لاکھوں روپے خرچ ہو رہے ہیں میں ان کی تفصیلات میں جانا نہیں چاہتا - صرف تنگبھدرا کے متعلق ایک دو جملے کہکر ختم کردوں گا - تنگبھدرا کی تعمیر پر گذشتہ دس سال میں ۲۳ کروڑ روپیہ خرچ کیا گیا - اس سے اب تک ۶۰۰۰ ایکر رقبہ زیر کاشت لایا گیا ہے - اسی طرح نندی کنڈہ پراجکٹ شروع ہوا تو اس میں ۱۰ سال ۲۰ سال گذر جانے پر بھی قابل ذکر زمین کاشت میں نہ آ سکی - میں ایک دو مثالیں دینا ضروری سمجھتا ہوں - دیگر ممالک میں بھی فرسٹ فائیو ایر پلان - سکنڈ فائیو ایر پلان بنائے گئے اور ان پر عمل کیا گیا - اس ضمن میں پیپلز چائینا - رومانیا - بلگیریا - ہنگری کے نام قابل ذکر ہیں - مجھے بلگیریا - رومانیا - اور ہنگری حال ہی میں جانے کا اتفاق ہوا ہے - وہاں میں نے اپنی آنکھوں سے ان کے پلانس دیکھے - مجھے وہاں کے پلان اور ہمارے پلان میں زمین و آسمان کا فرق نظر آیا ہے - وہاں کے پلان کو عوام کا تعاون حاصل رہتا ہے - لیکن یہاں یہ بات نہیں - کم سے کم اس جانب کے آنریبل ممبرس کا تعاون تک اس کے لئے حاصل نہیں کیا جاتا - اپوزیشن پارٹی کے جو ممبرس منتخب ہو کر اسمبلی میں آئے ہیں ان سے کوئی تعاون حاصل نہیں کیا جاتا - یہاں اسمبلی میں اپوزیشن کے تقریباً ۷۰ ارکان منتخب ہو کر آئے ہیں - لیکن جب اس پلان پر عمل کرنے کا سوال آتا ہے تو عوام کے منتخب کئے ہوئے ان اراکین سے کوئی مشورہ حاصل نہیں کیا جاتا - ہم دیکھتے ہیں کہ چائینا میں عوام کے تعاون سے ۱۰۰ میل لانبی کینال نکالی جاتی ہے اس کے تحت ۴۰ لاکھ ایکر اراضی زیر کاشت آتی ہے - صرف ایک سال کے اندر ۸۰ لاکھ لوگ اس میں حصہ لیتے ہیں - ایک ہفتہ قبل ہند کے پرائم منسٹر پنڈت جواہر لعل نہرو چین کی مثال دیتے ہوئے کہتے ہیں کہ ہمیں اس ملک کی نقل کرنا چاہئے - دوسرے ممالک میں سکنڈ فائیو ایر پلان - ماسٹر پلان کس طرح عوام کے تعاون سے کامیابی کے ساتھ چل رہے ہیں انہیں دیکھنے کی زحمت نہیں گوارا کی جاتی -

میں آخر میں منسٹر فار پلاننگ اور حکومت کی توجہ میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ اگر سکنڈ فائیو ایر پلان شاہ منزل میں بیٹھکر مٹھی بھر لوگ بنائیں تو اس پر کامیابی کے ساتھ عمل ہرگز نہیں ہو سکتا - اس کو ڈسٹرکٹ لیول پر - تعلقہ لیول پر اور ہرایک ممبر کے تعاون اور مشورہ سے تیار کرنا چاہئے - ایسی صورت میں ممکن ہے کہ وہ کامیاب ہوسکے - اس چیز کو مدنظر رکھکر حکومت سکنڈ فائیو ایر پلان کے بارے میں اقدام کرے - اسی صورت میں ملک اور عوام کو فائدہ ہوسکتا ہے -

منسٹر فار اگریکلچر - سپلائی ڈیولپمنٹ اینڈ پلاننگ (ڈاکٹر چنا ریڈی) :-
اسپیکر سر - میری پلاننگ رپورٹ پر جو ڈسکشن ہوا میں نے اس کو کافی غور سے سمجھنے کی کوشش کی - ہوسکتا ہے اس پلاننگ کے سمبندھ میں کسی کو بنیادی طور پر اختلاف ہو - یا اس کی تشکیل میں بنیادی یا اصولی اختلافات ہوں - مگر میں ایک چیز کہنا چاہتا ہوں کہ جس زمانہ میں یہ فرسٹ فائیو ایر پلان بنایا گیا اوس وقت کے حالات اوس وقت کی ضروریات - موجودہ حالات اور ضروریات سے مختلف تھے - اوس وقت حالات کے لحاظ سے مختلف امور پر زور دیا گیا جس کا میں آج صحیح طور پر اعتراف کرنے کے لئے تیار ہوں - اوس وقت یہ صحیح طور پر سمجھا جارہا تھا کہ ان چیزوں پر اتنا زور دینے کی واقعی ضرورت ہے - سنہ ۱۹۵۰ع میں یا اس سے پہلے ہمارے دیس کی جو غذائی صورت حال تھی اس کے لحاظ سے نہ صرف حیدر آباد اسٹیٹ بلکہ سارے ہندوستان کی یہ کوشش تھی کہ ہم کو زراعتی پیداوار میں اضافہ کرنے کے لئے پراجکٹس بڑھانے چاہئیں - چنانچہ حیدرآباد کے ۴۰ کروڑ کے پلان میں ۲۳ یا ۲۴ کروڑ روپیہ ان ہی دو مدات پر خرچ کیا گیا - اس لئے آج ہم کسی اور ڈھنگ سے اس مسئلہ پر سوچیں تو ناانصافی ہوگی - میں ایک چیز واضح کر دینا چاہتا ہوں - ابھی ایک دوست بیحد اصرار کے ساتھ اور کافی جذبہ میں آکر یہ کہہ رہے تھے کہ دوسرا پلان شاہ منزل میں تیار کیا جارہا ہے - مجھے افسوس ہے کہ اس ہاؤز میں میرے کئی مرتبہ کہنے کے باوجود ایسا کہا جارہا ہے - مجھے یہ گمان ہے کہ آنریبل ممبر شائد اس وقت ہاؤز میں تشریف نہیں رکھتے تھے، میں نے اپنے نوٹ میں بھی اس کو واضح طور پر کہا ہے کہ دوسرا پلان مختلف مدارج پر بن رہا ہے گاؤں میں لوگوں سے مواد حاصل کیا جارہا ہے - اس کے لئے ٹائم ٹیبل اور شیڈولس بنائے گئے ہیں - ریجنل لینگویجس میں اس کی کاپیز تقسیم ہوئی ہیں - آنریبل ممبرس کو بھی یہ سب مواد دیا گیا ہے - سوالات اور جوابات کے دوران میں بھی اس پر کافی لمبی چوڑی بحث ہوئی - میں نے اسکی تفصیلات کا اظہار کیا - لیکن مجھے افسوس ہے کہ ۵ منٹ میں سے ۴ منٹ گالیاں دینے - جتانے - ڈانٹنے میں صرف کئے جاتے ہیں - میں صاف طور پر واضح کردینا چاہتا ہوں کہ سکنڈ فائیوایر پلان شاہ منزل میں نہیں بلکہ گاؤں میں مختلف مدارج پر تیار کیا جارہا ہے - اس پلان میں خاص طور پر اگریکلچر اور اریگیشن پر زیادہ زور دیا گیا ہے - اس پلان کے اچیومنٹ (Achievement) پر کافی باتیں کہی گئیں - مجھے افسوس ہے کہ حکومت اور حکومت کے اسپوکسمن (Spokesman) پر اسٹیاٹسٹکس دیکھے بغیر اعتراضات کئے جاتے ہیں - یہ بھی نہیں ہے کہ پورا مواد انکے سامنے نہیں ہے - مجھے ایک دو آنریبل ممبرس کی طرف اشارہ کرنا ہے - انہوں نے فیگرس سے یہ بتلانے کی کوشش کی کہ چاول اور جوار کے پروڈکشن میں اضافہ نہیں ہوا ہے - میں اس بات کو کافی ادب کے ساتھ یہاں دھرانا چاہتا ہوں اور اسکا ذکر میں نے مختلف سوالات کے سلسلے میں بھی کیا تھا کہ ہندوستان میں اور حیدر آباد میں پر ایکر ایلڈ میں برابر کافی اضافہ ہوا ہے - میں نے اسٹیاٹسٹکس بھی دئے تھے - میں پھر انہیں دھرانا نہیں چاہتا - میں یہ ضرور کہونگا کہ پر ایکر ایلڈ میں

ڈفنٹلی (Definitely) اضافہ ہوا ہے۔ میں میرے آنریبل دوستوں پر یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ سنہ ۱۹۴۲ - ۱۹۴۳ع اور ۱۹۴۶-۱۹۴۷ع میں بہت بڑا فرق ہوا۔چاول کا ایکریج سنہ ۱۹۴۲ع میں ۱۴ لاکھ تھا اور اب ۱۹ لاکھ ہے تو کتنا اضافہ ہوا ۔ اس طرح دیکھئے کہ پلان کی ابتداء میں کتنا ایکریج تھا اور اب کتنا اضافہ ہوا ۔ آنریبل ممبرس نے جو مختلف اعداد پیش کئے ہیں اس کے لئے میں ان کا شکریہ ادا کرونگا لیکن اس وضاحت کے بعد مجھے امید ہے کہ وہ پھر اس پر غور کرینگے ۔ اور پھر میں یہ بھی نہیں کہتا کہ پروڈکشن میں اس اضافہ کا کریڈٹ حکومت کو یا حکومت کی پارٹی والوں کو یا چند منسٹروں کو ملنا چاہئے ۔ یہ غلط ہے ۔ میں نے کہا ہے کہ یہ آل راؤنڈ افکٹ ہے ۔ خاص طور پر کاشتکاروں کا جو نئے طریقے اڈاپٹ کئے انکا میں نے صاف طور پر ذکر کیا ۔ میں فوڈ پروڈکشن کے فیگرس کی جگلری میں گئے بغیر آنریبل ممبرس سے خواہش کرونگا کہ وہ اس پر مکرر غور کریں ۔ اس سے پہلے آنریبل ممبر سکندرآباد نے کافی تفصیل کے ساتھ حیدرآباد کے پلان کے فینانشیل ایسپکٹ کے بارے میں وضاحت کی ۔ میں تفصیلات میں جانا نہیں چاہتا ۔ انہوں نے اور دوسرے ایک دو آنریبل ممبرس نے تفصیلات رکھنے کی خواہش کی ہے ۔ میں نے اعتراف کیا ہے کہ بہت کم وقت کی بناء پر میں مزید تفصیلات پیش نہ کرسکا ۔ جب وقت آئیگا تو میں مزید تفصیلات بھی ہاؤز کے سامنے پیش کرونگا ۔ یہ بحث اصولی ہے کہ ڈفیسٹ بجٹ نہونا چاہئے ۔ لیکن ہمیں نئے مدات کو شریک کرنے کے لئے ہمت کے ساتھ آگے بڑھنا ہے ۔ مسائل کے لحاظ سے نئے مدات برابر شریک ہوتے رہنگے ۔ ڈفیسٹ بجٹ کا مقابلہ کرنے کے لئے جو کارروائیاں ضروری ہوں وہ کی جاسکتی ہیں یکن ولفیر اسٹیٹ بنانے کے لئے نئے ایٹمس کو شریک کرنے میں گھبراہٹ نہونی چاہئے ۔ میں اس پلان کا بیاک گراؤنڈ بتلانا چاہتا ہوں ۔ سنہ ۱۹۵۰ع میں یہ پلان بہت ہی کم وقت میں تیار ہو ۔ اس وقت میں بھی سنٹرل پلاننگ کمیشن کا ایک نان آفیشیل ممبر تھا ۔ اس وقت پوری طرح وقت نہ مل سکا ۔ میں ان پوری باتوں کو نہیں دہراؤنگا ۔ بعد میں عوام کی ضروریات کے لحاظ سے اس میں کچھ تبدیلیاں لائی گئیں ۔ ایک دوسری بات جو ضمن میں عام طور پر کہی گئی وہ یہ ہے کہ اس میں رجنل بیسس اور پولیٹیکل پارٹیز کہ سپیش نظر رکھکر عمل کیا گیا ہے ۔ اگر اس بارے میں میں کچھ وضاحت کروں تو یہ نہ سمجھا جائے کہ میں کسی کی وکالت کررہا ہوں ۔ حکومت حیدرآباد تو تمام ایریاز کو فائدہ پہنچانا چاہتی ہے ۔ ابھی ایک آنریبل ممبر نے ایک کتاب کو کوٹ کرتے ہوئے فرمایا کہ حکومت یہ باور کرارہی ہے کہ مرہٹواڑہ میں پراجکٹس مفید نہیں ہوسکتے ۔ لیکن میں اس کی ٹکنیکا لٹیز میں جانا نہیں چاہتا ۔ اسکیمس بنتی ہیں ۔ اس پر اکسپرٹس سوچتے ہیں ۔ میں ان ایریاز کے ڈیولپمنٹ کی ضرورت کو مانتا ہوں ۔ اوس وقت پورنا پراجکٹ کا پروپوزل جاتا ہے تو یہ اعتراض ہوتا ہے کہ اس وقت نہیں ہوسکتا ۔ ۵۰ع سے پہلے جو یہ پلان بنا تو اس کے بعد اس کو شریک کیا گیا ۔ آنریبل ممبرس اس کو کسی اور لائٹ میں نہ لیں میں یہ خواہش کرونگا ۔ یہ سوچنا غلط ہے کہ پولٹیکل پارٹیز کو

پیش نظر رکھکر اس پر سوچا جاتا ہے - کمیونٹی پراجکٹس کے آٹھ اکسٹنشن بلاکس میں سے ۵ اکسٹنشن بلاکس تلنگانہ میں اور ۳ مہا راشٹرا میں دیئے گئے - جن علاقوں سے اپوزیشن پارٹی کے ممبرس منتخب ہوئے ہیں وہاں تین ہیں اور کانگریس کے منتخبہ امیدواروں کے علاقوں میں پانچ - لیکن اس پر مختلف طریقوں سے اعتراض کیا جاتا ہے - کل ہی میرے پاس ایک آنریبل ممبر آئے تھے اور کہنے لگے کہ آپ نے میرے تعلقہ میں یہ بلاک دینے کا وعدہ کیا تھا - نہیں دیئے ہیں - دیجئے ورنہ میں بھوک ہڑتال کرتا ہوں - اگر سب لوگ یہی بات کہیں تو کیا نتیجہ ہوگا - اس مسئلہ کو اپوزیشن پارٹی اور کانگریس پارٹی کی بنیادوں پر غور نہ کرنا چاہیئے - ہر ایک کا اپنے اپنے تعلقہ کیلئے سوچنا فطری چیز ہے - ۱۰ یا ۱۲ بلاکس دینا طے ہوا لیکن اس میں کمی ہوجاتی ہے یا پورے اسٹیٹ میں دینے کے لئے تعداد کم ہوجاتی ہے تو یہ سوالات برابر آتے ہیں - میں ہاؤس سے درخواست کرونگا کہ وہ اس مسئلہ پر ہمدردانہ طریقہ سے غور کرے - اس کے بر خلاف دوسرے نقطہ نظر سے غور کریں تو پلاننگ منسٹر کا کیا حال ہوگا اس کا اندازہ کرسکتے ہیں - یہ کہا گیا کہ رائچور سے ایک بلاک کو عمداً نکالا گیا ہے - اور وہاں سے نکالکر گلبرگہ کی کانگریس کانسٹی ٹیونسی میں رکھا گیا - محض یہ اعتراض ہونے پر یہ بات میرے دماغ میں آئی - تنگبھدرا کے دو بلاکس میں ۱۳۶ گاؤں ہیں جہاں ۲۰۰ گاؤں ہونے چاہئیں - اور آبادی ایک لاکھ ۳۳ ہزار کے مقابلہ میں ۴۵ ہزار ہے - یہ دو بلاکس کے لئے بھی کم ہے - وہاں سے نکال کر اگر گلبرگہ میں رکھا جاتا ہے تو یہ سمجھنا کہ چونکہ کانگریس کانسٹی ٹیونسی ہے اس لئے رکھا گیا ہے یہ سمجھنا بد قسمتی ہے - اس کو بد قسمتی کہئے یا خوش قسمتی کہ گلبرگہ میں اپوزیشن پارٹی کو ایک ہی سیٹ ملی ہے - لیکن دوسری جگہوں پر نہ دینے سے اس کو پولیٹیکل پارٹیز کا رنگ دینا ناانصافی ہوگی - نیشنل ڈیولپمنٹ کا ذکر کیا گیا - مختلف جذبات کا اظہار کیا گیا میں کہونگا کہ خواہ کچھ بھی پروووکیشن ہو آج ہم یہاں اسی وقت یہ تصفیہ کرکے اٹھیں کہ پلان لون میں ہمارا کنٹریبیوشن کیا ہوگا - اس سے لوگوں کو ایک لیڈ (Lead) ملے گی - میں یہاں کسی جھگڑے کے بغیر جیسا کہ ظاہر کیا گیا کہ ایک سال دو سال تین سال چار سال کا الونس داخل کیا جائیگا کل ہی سنٹرل بنک اور امپریل بنک میں اپنا اپنا حساب کرکے دو ڈھائی بجے تک اپنی رقمیں جمع کروادیں اور اسطرح ایک مثال قائم کریں تو حیدرآباد کی اسمبلی اس کے لئے قابل مبارکباد ہوگی - اس وقت مجھے یہ اپیل کرنے کا بہتر موقع مل سکا کیونکہ اس وقت اپیل کرنے سے آپ کل جو آخری دن ہے اپنے کنٹریبیوشنس جمع کرواسکتے ہیں - ورنہ اگر کل میں یہی بات کہتا تو اس پر عمل کرنے کے لئے وقت نہ رہتا - مجھے امید ہے کہ دونوں سائڈس کے آنریبل ممبرس اس طرح اس لون میں شریک ہوجائینگے -

ایک آنریبل ممبر نے اگسٹ کے مہینے کے کروکشیترا کا ذکر کیا - میں خود اس کا ذکر کرنا چاہتا تھا - لیکن وہ بات اس سے پہلے یہاں آگئی - لیکن اس کو کسی اور طریقہ پر یہاں رکھا گیا - یہ بتلایا گیا کہ اکٹوبر ۵۲ ع سے مارچ ۵۴ ع تک گورنمنٹ

اکسپنڈیچر آن پراجکٹ ہیڈ کوارٹرس حیدرآباد میں (۳۲۴۷۴) ہوا - اس کے مقابلہ میں مدھیہ بھارت کے چھ بلاکس میں (۳۳۲۰) خرچہ ہوا - اس میں شک نہیں کہ خرچہ کم ہوا - یہ دوسرے ہیڈ کوارٹرس پرصرف ہوسکتا ہے - لیکن یہ دیکھئے کہ اس کے مقابلہ میں اچیومنٹ کیا ہے - میں ہاؤز کے سامنے ایک ایٹم رکھنا چاہتا ہوں - فرٹیلائزرس ۱۹۰۶۸۶ من تقسیم ہوئے - اس کے متعلق کسی کو اعتراض نہیں ہے - مدھیہ بھارت میں پراجکٹ کے ہیڈ کوارٹر پر ۲۳۱۸۲ من فرٹیلائزرس تقسیم ہوئے - اگسٹ کے کروکشیترا میں جو عداد ہیں وہ میں ہاؤز کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں - این - ای - ایس بلاکس کرکشیترا میں نہیں آئے ہیں - یہ سنٹرل کمیونٹی پراجکٹ انسٹرکشن سے آئے ہیں - کیش اینڈ ادر کنٹریبیوشن حیدرآباد میں ۱۰۷۲۲ مدھیہ بھارت میں ۲۲۳۳ میسور میں ۱۹۶ پیسو میں ۵۰۰۷ راجستان میں ۱۰۷۳۵ اور ٹراونکور کوچین میں ۲۳۶ - یہ خرچ ہے - حیدرآباد میں اس بات کی کوشش کی گئی کہ جہاں تک ہو سکے پیپلس کنٹریبیوشن زیادہ لیکر ہمارے پیسہ کو زیادہ سے زیادہ لوگوں پر صرف کریں - اور زیادہ گاؤں میں پیسہ خرچ کریں - میں اس بات کا اعتراف کرونگا جیسا کہ میں نے اس نوٹ میں بھی ظاہر کیا ہے - اس میں کئی اڈجسٹمنٹس ہوئے اور کئی تبدیلیاں ہوئیں آفیسرس کے اختیارات میں تبدیلیاں ہوئیں - گو اس میں پورے طور پر سیٹیسفیکیشن (Satisfaction) نہیں ہے - لیکن میں کہونگا کہ ہم آگے بڑھ رہے ہیں - آئندہ سال کے لئے رپورٹ میں ۹ کروڑ روپیہ بتلائے گئے ہیں یہ کسطرح خرچ ہونگے میں آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں - حیدرآباد کے فرسٹ فائیو ایر پلان کا ایکچول اکسپنڈیچر ۵۲-۱۹۵۱ع -۵۳-۱۹۵۲ع - ۵۴-۱۹۵۳ع میں ۷۹۴ کروڑ ہے - اور اس کے بعد ہماری مشنری کے اکسپیرینس کے بعد آپ حضرات کے تعاون اور ہدایتوں کے حاصل کرنے کے بعد گو ہم ۹ کروڑ روپیہ کے صرفہ کا اندازہ بتلا رہے ہیں تو اس پر شبہ کیا جارہا ہے - یہ ناانصافی ہے - میں آپ کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ اس رقم سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھایا جائیگا - اور ممکن ہے اس میں اضافہ ہو - اس کے کئی فیکٹرس ہیں - پی - ڈبلیو - ڈی شیڈول ہے - سوائیل ڈپتھ لیتے ہیں میٹیریل میں اضافہ ہو جاتا ہے - اس پر اس شبہ کے اظہار کی ضرورت نہیں ہے کہ ہم آئندہ سال ۹ کروڑ روپیہ خرچ نہ کر سکیں گے - آخر میں میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ بنڈنگ کے سلسلے میں اسمبلی ہال میں اسمبلی ممبرس کو چند پرانتوں میں بنڈنگ کا جو کام ہورہا ہے اس کا نوٹ دیا جارہا ہے - ۳۶ لاکھ کا جو خرچہ ہو رہا ہے اس میں رقم کے لیپس ہونے کا سوال نہیں ہے - یہ لیپس نہیں ہو سکتی - اگریکلچرل ڈپارٹمنٹ کا پروگرام یہ ہے کہ جون ۵۵ع تک جو اکچول ورکنگ پروگرام ہے اس کیلئے یہ ۳۶ لاکھ کی رقم خرچ ہوگی - اس کی تفصیلات آپ کے سامنے آئینگی - اس کے تمام ڈیٹیلس اور ٹکنیکل چیزیں ہم نے طے کی ہیں - اس کو فائینلائز کرنے سے پہلے چونکہ اسمبلی کے ممبرس یہاں ہیں اس لئے ان سے مشورہ لیکر جو پریکٹیکل مشورے آئینگے ان کے لحاظ سے پروگرام بنا کر بارش کا موسم ختم ہوتے ہی ہم اسکو لے لینا چاہتے ہیں - عثمان آباد میں جو کام ہورہا ہے پارلیمنٹ کے ممبر شری پرانجپے گو وہ اپوزیشن پارٹی کے

ممبر ھیں لیکن کام کے لحاظ سے حکومت ان کا پورا تعاون کررھی ھے - جو نتائج ھیں وہ آپ کے سامنے موجود ھیں - میں مزید تفصیلات میں جانا نہیں چاھتا - آپ ان سے اچھی طرح پریچت ھیں - ۲ - اکٹوبر کو اس کی ٹریننگ کلاس لیکر ان ساری چیزوں کے ذریعہ جون ۵۵ع تک اس ۳۶ لاکھ کی رقم کو ختم کرنے کی کوشش کیجائیگی - مجھے امید ھے کہ آپ کے تعاون سے یہ کام ھوگا - اسی طرح اریگیشن ولس کے سلسلے میں مرھٹواڑہ میں ۴۰ لاکھ میں سے ۳۰ لاکھ روپیے ھر ڈسٹرکٹ میں تین لاکھ کے حساب سے طے ھوئے ھیں - وہ کام بھی مارچ تک کرینگے - اس میں بھی لوگوں کے تعاون کی ضرورت ھے - اور اس کے لئے ھر جگہ اڈوائزری کمیٹی بنائی گئی ھے اور مقامی ایم - ایل - ایز چاھے وہ کسی پارٹی سے ھوں انہیں لیا گیا ھے - ڈیولپمنٹ کمیٹی میں بھی لیا گیا - کچھ لوگوں نے سجسٹ کیا کہ پورے اسمبلی کے ممبرس کو لیں - ان میں سے ۱۲ کو لیا گیا - اور تمام پارٹیز کے لوگوں کو لینے کی کوشش کی گئی - سکنڈ فائیو ایر پلان کو زیادہ سے زیادہ پراگریسیو بنانے کے لئے اس کی کاپیاں تینوں رجنل لینگویجس میں بنائی گئیں اور آپ کے پاس بھی بھیجی گئیں - ھم ٹائم ٹیبل کے لحاظ سے ھر تعلقہ اور ڈسٹرکٹ میں آئینگے - ھیڈس آف دی ڈپارٹمنٹس بھی رھینگے اور اسطرح یہ طے ھوگا - پی - ڈبلیو - ڈی نے ۱۱۰ پراجکٹس کا پلان سکنڈ فائیوایر پلان میں پرووائڈ کرنے کے لئے پلاننگ کمیشن کے پاس بھیجا ھے - اس کے معنی یہ نہیں ھیں کہ اس میں اضافے کی یہ ترمیم نہیں ھے - ھم نے اس لئے پیش کیا ھے کہ مختلف لیول (Level) پر اس کا امتحان ھو - اوس کو جانچا جائے اور اندازہ لگایا جائے کہ ھم نے جو ٹارگٹ (Target) مقرر کیا ھے وہ پورا ھو سکتا ھے یا کیا - اسکے بارے میں تمام لوگوں کا مشورہ مل سکے گا -

آخر میں میں یہ عرض کرونگا کہ ھمیں اس ڈھنگ سے لوکل ڈیولپمنٹ (Local Development) کے کام کو آگے بڑھانا چاھئے کہ گاؤں والوں کا کوآپریشن بھی ھمارے ساتھ ھو - وہ خود محنت کرکے کوئی چیز بنانا چاھتے ھوں مثلاً اسکول کی بلڈنگ بنانا چاھتے ھوں باؤلیاں کھودنا چاھتے ھوں تو گورنمنٹ بھی انکی مدد کریگی - اسطرح کوآپریشن کے ساتھ ملک کی بھلائی کے کام کئے جا سکتے ھیں - لوگوں میں کافی جوش پیدا ھونے کی ضرورت ھے تاکہ وہ گورنمنٹ سے کوآپریشن کرکے کام کریں - آخر میں میں پھر ایک بار اپیل کرونگا کہ دوسرے پہلو سے بھی اس پر غور کیا جائے اور اس پلان کو کامیاب بنانے میں گورنمنٹ کے ساتھ کوآپریشن کریں - بیڑ ضلع کے ایک دوست نے ایک بات یاد دلائی اس کے متعلق میں یہ کہونگا کہ ھمارے اٹیٹیوڈ (Attitude) کو ٹھیک طور پر سمجھنے کی کوشش کریں تو ٹھیک ھوگا - نیکنور گاؤں میں ھمارے دوست اور دوسرے پولیٹیکل پارٹیز جن میں سے اکثر ممبرس ایکس کانگریس ممبرس (Ex-Congress members) ھیں مشکل تو یہ ھے کہ یہ سوچتے ھیں کہ جو کچھ کرے حکومت خود کرے - کچھ اس ڈھنگ سے غور کرتے ھیں لیکن یہ صحیح طریقہ نہیں ھے - لوگوں کو اپنے پیروں پر کھڑے ھونا چاھئے - ھم یہ دعوی تو نہیں کر رھے ھیں کہ ھم جن مشکلات میں گھرے ھوئے ھیں ان تمام

مشکلات کو یکدم حل کردینگے - لیکن اتنا ضرور ہے کہ ہم مشکلات کو حل کرنے کی جانب قدم بڑھا رہے ہیں۔ لیڈر آف دی اپوزیشن اس بات پر غور کریں کہ کبھی ہم نے ایسا دعوی نہیں کیا ہے کہ سب چیزیں ہم نے حاصل کرلی ہیں - بہرحال ہم ایک راستے پر چل پڑے ہیں اوسکی منزلیں طے کررہے ہیں۔ آپ سب کے تعاون ہی سے یہ منزلیں طے ہونگی - لوگوں میں جو مایوسی پیدا ہوگئی ہے اوس کو دور کرنا چاہئے میں نے جو رپورٹ ہاؤز کے آگے پیش کی ہے اوس کو دیکھکر میرے بعض دوست کافی ناراض ہوئے لیکن میں آپ کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ اس کے متعلق آئندہ جب کبھی موقع ملے تفصیلات ہاؤز کے سامنے رکھکر مطمئن کرنے کی کوشش کرونگا - تنگبھدرا پراجکٹ سے متعلق میں نے جو کچھ ظاہر کیا ہے وہ کوئی نئی چیز نہیں ہے کئی مرتبہ ہاؤز کے سامنے یہ چیزیں آئی ہیں۔ بجٹ سشن میں بھی یہ چیزیں بتائی گئی ہیں لیکن اس وقت اس پر شدت سے اعتراضات کئے گئے ہیں - یہ کوئی صحیح طریقہ نہیں ہے۔ تاہم جن جذبات کا اظہار کیا گیا ہے اور ان میں آگے بڑھنے کی جو تڑپ دکھائی گئی ہے میں وعدہ کرتا ہوں کہ جس حد تک ہوسکتا ہے میں اون کا لحاظ رکھنے کی کوشش کرونگا - میں اس کا یقین دلاتے ہوئے اپنا بھاشن ختم کرتا ہوں -

The House then adjourned till Half Past Two of the Clock on Thursday, the 16th *September*, 1954.